بمل رائے پروڈکشنز کا

کابلی والا

काबुलीवाला

اداکاران

بلراج ساہنی۔ اوشا کرن۔ سجن۔ بے بی سونو [illegible] اور

ن اینڈ کو یکسیبلرز دریبہ کلاں دہلی

گانے
کابلی والا کے

گانا نمبر ۱

گنگا آئے کہاں سے کہاں جائے کہاں رے
لہرائے پانی میں جیسے دھوپ چھاؤں رے
رات کاری دن اجیارا مل گئے دونوں سائے
سانجھ نے دیکھو رنگ روپ کے کیسے بھید مٹائے رے
کانچ کوئی، ماٹی کوئی، رنگ برنگے پیالے
پیاس لگے تو ایک برابر جس میں پانی ڈالے رے
نام کوئی، بولی کوئی، لاکھوں روپ اور چہرے
کھول کے دیکھو پیار کی آنکھیں
سب تیرے سب میرے

گانا نمبر ۲

اے میرے پیارے وطن، اے میرے بچھڑے چمن
تجھ پہ دل قربان، تو ہی میری آرزو
تو ہی میری آبرو، تو ہی میری جان
تیرے دامن سے جو آئیں ان ہواؤں کو سلام
چوم لوں میں اس زباں کو، جس پر آئے تیرا نام
سب سے پیاری صبح تیری، سب سے پیاری تیری شام
ماں کا دل بن کے کبھی سینے سے لگ جاتا ہے تو

یھی ننھی سی بچی بن کے یاد آتا ہے تو
اد آتا ہے مجھکو اُتنا تڑپاتا ہے تو
چھوڑ کر تیری زمیں کو دور آ پہنچے ہیں ہم
ر بھی ہے تمنا تیرے ذروں کی قسم
ہم جہاں پیدا ہوئے، اُس جگہ ہی نکلے دم

نمبر ۳ — او یا بھریان

آنکھیں ہیں دلبر کی یا نرگس مستانہ
دیکھے ہوئے اُس بُت کو اب ہو گیا زمانہ
او صبح کہنا میرے دلدار کو
دِل تڑپتا ہے تیرے دیدار کو
یکھیں گے کب وہ صورت جس پہ بہار صدقے
ں تو کیا ہے یارو۔ کابل قندھار صدقے
کس طرح بھولیں نگاہیں یار کو
یسی ہے یہ قیامت خود تو ہی بتا خدایا
جتنا بھلایا اُس کو اُتنا ہی یاد آیا
کب قرار آئے تیرے بیمار کو

گانا نمبر ۴

کابلی والا — کابلی والا۔ کابلی والا
مینی مینی مینی مینی مینی
ے مُنّے کیوں کملایا تیرا مکھڑا پیارا
کھوئی ہے گڑیا تیری یا ہے کسی نے مارا

اُوں ہوں
روٹھ گیا ہے تیرا بندر، ٹوٹ گیا ہے ہاتھی
نا نا
پھر کیا کوئی تجھ سے بچھڑ گیا ہے ساتھی
ہاں ہاں
کون!
کابلی والا
ہاں ہاں کیا وہ داڑھی مونچھوں والا
ابھی ملا دوں تجھ کو اُس سے دیکھو کھیل نرالا
چلو بادلوں کے پار جہاں چاند کے دوار
بیٹھی چرخہ چلائے بُوڑھی نانی۔
جانے سب کا وہ سوال پوچھے سب کا وہ حال
بڑی بچی ہے بڑی سیانی
ترارم ترارم اُس سے پوچھیں گے ہم
کہاں کھویا ہے کابلی والا۔ چلو بادلوں کے پار
پل پل چھن چھن اُڑتا جائے جیسے ہوا کے پنکھ لگائے
چندا گھومے دھرتی گھومے ہر دم چکر چلتا جائے
بوڑھی نانی بڑی سیانی پوچھوں ایک سوال
کہاں ہے کھویا کابلی والا۔ کیا ہے اُس کا حال
تیاؤ تا — تیاؤ تا
پورب میں ایک کال کوٹھری لگا ہے جس پہ تالا

تب دادی بن پڑا ہوا ہے ہرا کابلی والا
پر کیسے ٹوٹے تالا ، دو منتر بچے نرالا
کیا - کیا
ٹنگ ٹنگ جھٹ بول چنگ بھانگ
کھل جا رے تالے جھٹ سے پھٹاک
ٹنگ ٹنگ جھٹ بول چنگ بھانگ
کھل جا رے تالے جھٹ سے پھٹاک
چھو منتو شیلا روتا
کابلی والا آیا کابلی والا آیا کابل قندھار سے
پستہ بادام لایا پستہ بادام لایا سرحد کے پار سے
کابلی والے کابلی والے یہ کیا جھولی میں تیری
جھولی میں میری ایک جادو کی چھڑی ہے
جھولی میں تیری جادو کی چھڑی
تب تو بنا دے ہم سب کو پری
دو بن جادو پری میٹی بٹیا میٹی بٹیا
کابلی والے ہم سے نہ جانے تیری جیب کیا چھپاتی
جیب میں ہے جادو کی ڈبیا اور ہاتھی
تب تو بنا دے تو بھولے کو ہاتھی ، بن جا ہاتھی
ہاتھی کی دم میں دھاگا - دم دبا کے بھاگا
ہاتھی کی دم میں دھاگا - دم دبا کے بھاگا
ختم شد

آسان اردو انگلش ٹیچر

زمانہ حال میں انگریزی بھی ایک بہت ضروری زبان ہے۔ اگر آپ یہ زبان جانتے ہیں تو آپ کہیں بھی چلے جائیں آپکی ہر جگہ قدر ہوگی۔ اس زبان کو جو نہیں جانتا اس کو کافی پریشانی اُٹھانی پڑتی ہے۔ اگر آپ اس پریشانی سے نجات پانا چاہتے ہیں۔ اور انگریزی سیکھنے کا شوق رکھتے ہیں تو آج ہی ہمارے ہاں سے نایاب کتاب اردو انگلش ٹیچر منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے ہر شخص بغیر اُستاد کی مدد کے انگریزی میں بات چیت کر سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱/-/۱ محصولڈاک معاف

اُردو ہندی ٹیچر

آجکل اُردو اور انگریزی کے ساتھ زندگی کی ضرورتوں میں ہندی کی ضرورت بھی ہے۔ اس لئے آپ ہمارے ہاں سے ہندی سکھانے والی کتاب منگائیں۔ اس کتاب کی مدد سے بھی بغیر اُستاد کے ہر مرد و عورت بڑی آسانی سے گھر بیٹھے ہندی پڑھنا لکھنا سیکھ سکتا ہے۔

قیمت صرف ۱/۴/- محصولڈاک معاف

رتن اینڈ کو بکسیلرز دریبہ کلاں دہلی